جنرل ہسپتال میڈیکل یونٹ - III میں ڈینگی کے امور سے متعلق آگاہی ورکشاپ کا انعقاد

طب سے وابستہ افراد کورونا وبا کے دوران ڈینگی کے چیلنج کو فراموش نہ کریں:پروفیسر الفرید ظفر

علاج معالجہ میں تاخیر سے بچنے کیلئے رشتے داروں کومریض کی میڈیکل ہسٹری ڈاکٹر سے پوشیدہ نہیں رکھنی چاہئے:پروفیسر ڈاکٹر طاہر صدیق

لاہور 24 مارچ:......پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر الفرید ظفر نے ڈاکٹر،نرسز اور پیرا میڈیکس پر زور دیا ہے کہ وہ کورونا وبا کے دوران ڈینگی کے چیلنج کو فراموش نہ کریں اور اس حوالے سے بھی اپنی تیاری مکمل رکھیں ۔انہوں نے کہا کہ اس وقت ڈینگی سیزن شروع ہو چکا ہے لہذا تمام ہیلتھ پروفیشنلز اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو بڑھانے اور ڈینگی سے متعلق اپنے نالج کو اپ ڈیٹ رکھنے کیلئے تربیتی ورکشاپس میں لازمی شرکت کریں۔

ان خیالات کا اظہار انہوں نے جنرل ہسپتال میڈیکل یونٹ 3 کے زیر اہتمام منعقدہ ڈینگی کے امور سے متعلق ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا جہاں دیگر طبی ماہرین نے بھی شرکت کی اور چیئرمین ڈینگی ایکسپرٹ ایڈوائزری کمیٹی ایل جی ایچ پروفیسر آف میڈیسن ڈاکٹر طاہر صدیق نے ڈینگی بخار کی علامات، تشخیص،علاج معالجے اور احتیاطی تدابیر پر نوجوان ڈاکٹرز کو آگاہ کیا اور حکومتی گائیڈ لائن بارے بھی بتایا۔ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد مقصود نے ڈینگی کیس مینجمنٹ پر تفصیلی روشنی ڈالی ۔میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عبدالرزاق، ڈاکٹر جعفر شاہ و دیگر ڈاکٹرز بھی بڑی تعداد میں موجود تھے جنہیں ماضی کے تجربات کو سامنے رکھتے ہوئے ڈینگی وبا پر میڈیکل لیکچرز دیے گئے۔

پروفیسر الفرید ظفر کا مزید کہنا تھا کہ بعض صورتوں میں میں ڈینگی بھی ایک مہلک وبا کی شکل اختیار کر لیتی ہے جس کی روک تھام کیلئے ہسپتالوں میں ڈینگی میں مبتلا افراد کے علاج معالجے کے انتظامات کرنا ضروری ہوتے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ بیماریوں کی روک تھام اور عوامی شعور اجاگر کرنے کیلئے حکومت کے ساتھ ساتھ میڈیا،سول سوسائٹی اور سماجی تنظیموں کو بھی اپنا حصہ ڈالنا ہوگا اور ڈینگی جیسے مرض کیلئے بڑے پیمانے پر آگاہی پیدا کرنا ہوگی ۔پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ طب و سائنس کی ترقی نے ڈاکٹروں کو جدید طریقہ علاج سے روشناس کروانے کے لئے مختلف پلیٹ فارم مہیا کر دیے ہیں اب معالجین کا فرض ہے کہ وہ دور حاضر کے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے اپنا میڈیکل نالج اپ ڈیٹ رکھیں اور بالخصوص نوجوان ڈاکٹرز کو اپنے تجربے سے آگاہی فراہم کریں ۔پروفیسر ڈاکٹر طاہر صدیق اور ڈاکٹر محمد مقصود کا کہنا تھا کہ رشتے داروں کو مریض کی میڈیکل ہسٹری ڈاکٹر سے نہیں چھپانی چاہیے تا کہ اُس کے علاج معالجہ میں تاخیر نہ ہو۔پرنسپل نے بالخصوص خواتین ڈاکٹرز پر زور دیا کہ وہ حفظان صحت کے اصولوں،صفائی ستھرائی اور اپنے اردگرد مقیم لوگوں کی اس حوالے سے کونسلنگ بھی کریں کیونکہ ڈینگی کا صفائی ستھرائی کے بغیر خاتمہ ممکن نہیں اور اس ضمن میں،ہم سب کو اپنی انفرادی واجتماعی ذمہ داریاں پوری کرنا ہوں گی۔

لاہور جنرل ہسپتال میں منعقدہ ڈینگی ورکشاپ کے شرکاء کا پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر
اور پروفیسر طاہر صدیق کے ہمراہ گروپ فوٹو